سوال

(958) کیا جمعہ کی چھٹی ضروری ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جمعہ کی چھٹی ضروری ہے؟ یا کسی اور دن بھی چھٹی کی جا سکتی ہے۔ (سائل: عرفان مجید مہر۔ امریکہ)

(۵جون ۱۹۹۸ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عام حالات میں اسلام میں چھٹی کا تصور نہیں۔ البتہ آدمی اپنی راحت اور آرام کی خاطر کسی دن بھی چھٹی کر سکتا ہے۔ اسلام میں کوئی پابندی نہیں۔ تاہم اولیٰ معلوم ہوتا ہے کہ جمعہ کے دن چھٹی کی جائے تاکہ عبادت گو آدمی دن کے پہلے حصہ میں فضیلت کے اوقات کو بآسانی پا سکے جن کی تصدیق صحیح احادیث میں موجود ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3، متفرقات: صفحہ:658

محدث فتویٰ